شِنِٹیاٗ کوہستانی

اور

بعض ایرانی زبانوں کا لسانی اشتراک

(اوستا، فارسی، پشتو، ارمڑی، یدغا)

رازول کوہستانی

ISBN 978-969-7881-06-2

شِنِٹیاٗ
کوہستانی
اور
بعض
ایرانی
زبانوں
کا
لسانی
اشتراک

(3)

رازول
کوہستانی

ٹِنِڈیا کوہستانی زبان

اور

بعض ایرانی آریائی زبانوں کا لسانی اشتراک

(فارسی، پشتو، بلوچی، یدغا، اورمڑی)

رازول کوہستانی

ISBN 978-969-7881-xxxx

2019

عالمی معیاری کتاب نمبر: ISBN 978-969-7881-07-9

طبع اوّل 2019

کتاب ثِنٹِیاٗ کوہستانی اور بعض ایرانی آریائی زبانوں کا لسانی اشتراک

محقق و مؤلف: رازول کوہستانی

پبلشر انڈس کوہستان پبلیکیشنز

صفحات 150

قیمت: 500 روپے

Mobile: +92344955946

Email: razwal@gmail.com

اُن عظیم لوگوں

کے نام


جو اپنی مادری زبانیں


آنے والی نسل کو منتقل کرتے ہیں

فہرست

نمبر شمار	عنوان	صفحہ نمبر
1	شینا کوہستانی زبان	i
2	شینا کوہستانی زبان کے لسانی روابط:	
3	۔ شینا کوہستانی اور اوستا کے لسانی روابط	01 تا 04
4	۔ شینا کوہستانی اورفارسی کے لسانی روابط	05 تا 66
5	۔ شینا کوہستانی اور پشتو کے لسانی روابط	67 تا 108
6	۔ شینا کوہستانی اور بلوچی کے لسانی روابط	109 تا 110
7	۔ شینا کوہستانی اور یدغا کے لسانی روابط	111 تا 116
8	۔ شینا کوہستانی اور اورمڑی کے لسانی روابط	117 تا 119

پاکستان کی زُبانیں





شینا زبان کا لسانی شجرہ
ہند یورپی لسانی گروہ
ہند ایرانی لسانی گروہ
ہند آریائی لسانی گروہ
ایرانی لسانی گروہ
مرکزی لسانی گروہ
جنوبی لسانی گروہ
شمال مغربی لسانی گروہ
نورستانی لسانی گروہ
لہندا لسانی گروہ
داردی لسانی گروہ
سندھی
کوہستانی گروہ
کُنڑی گروہ
شینا گروہ
کشمیری
چترالی گروہ
پشاہی
اشوجو
کلکوٹی
پالولا
شینا
ساوی
کنڈل شاہی
کھووار
کالاشا
شینا استوری
شینا کوہستانی
شینا گلتی
شینا چلاسی
شینا بروکسکت/بٹالکی
استوری
دراسی
گریزی
توروالی
انڈس کوہستانی
گاوری
بٹیڑی
گباری
چھلیسو
مانکیالی
تیراہی
دیگانو
رازول کوہستانی
2020
ماخذ: ایس آئی ایل/ایف ایل آئی

حرف اول

یہ اس سلسلے کی تیسری کتاب ہے جس میں شینا کوہستانی اور فارسی، پشتو، بلوچی، اور مڑی اور یدغا زبان کے مشترکہ الفاظ کا کھوج لگایا گیا ہے۔ فارسی، پشتو، بلوچی، یدغا، اور مڑی زبان کا تعلق ایرانی زبانوں کے لسانی گروہ سے ہے۔ کئی الفاظ ایسے ہیں جو ان زبانوں نے ایک دوسرے سے مستعار لیے یا ان کا مشترکہ لسانی سرمایہ ہے۔ ان زبانوں کا لسانی تعلق صدیوں پر محیط ہے۔

ہند ایرانی لسانی گروہ کی دو بڑی ذیلی شاخیں ہیں ایک ہند آریائی اور دوسری ایرانی۔ دونوں لسانی گروہوں کا تعلق آریائی زبانوں سے ہے۔ ایرانی زبانوں کا قدیم ماخذ اوستا اور ژند ہے جبکہ ہند آریائی زبانوں کا قدیم آریائی اور ویدک زبان۔ ہند آریائی لسانی گروہ میں ایک ذیلی گروہ داردی زبانوں کا ہے جو پاکستان کے شمالی حصہ میں بولی جاتی ہیں۔ شینا زبان کا تعلق اسی داردی لسانی گروہ سے ہے۔

شینا زبان کے چار بڑے لہجے پائے جاتے ہیں جو گلگتی شینا، استوری شینا، چلاسی شینا اور کوہستانی شینا ہیں۔ ان میں گلگتی شینا کو مرکزی زبان کا درجہ حاصل ہے۔

اس کتاب میں ان زبانوں میں لسانی اشتراک تلاش کیا گیا ہے امید ہے کی زبانوں سے دلچسپی رکھنے والوں کے لیے یہ کتاب مفید ثابت ہو گی۔

رازول کوہستانی

دسمبر، 2019

شینازُبان

سلسلہ ہائے ہمالیہ، قراقرم اور ہندوکش کے پھیلے ہوئے وسیع جغرافیائی خطوں میں قدیم ہند آریائی زبانوں کے داردی لسانی گروہ کی کم وبیش تیس زبانیں بولی جاتی ہیں جن میں شینا ایک اہم اور سب سے بڑی زبان ہے۔ یہ زبانیں اپنی قدامت، مُصمّتی و مصوّتی صوتی عادات اور صرف و نحو کی تراکیب کی بناپر ایک خاص اہمیت کی حامل زبانیں سمجھی جاتی ہیں۔ اس لسانی گروہ کے متعلق دو رائے پائی جاتی ہیں۔ ایک رائے کے مطابق داردی زبانوں کا تعلق ہند آریائی لسانی گروہ سے ہے جب کہ دوسری رائے کے مطابق یہ ایرانی اور ہند آریائی لسانی گروہ کے وسطی دور سے تعلق رکھنے والی زبانیں ہیں۔

The above Indo-Aryan languages and dialects all go back to the speech of the period of the Rg-Veda as their ultimate source. Side by side with these, there is another group of Aryan speeches which is slightly different from the Vedic. These are the Dardic speeches like Kashmiri, Shina, Bashgali, Pashai, Wai-ala, etc. The ancient Aryan speech, the source of both the Vedic and the Avestic languages, modified itself into three distinct groups:

(1) Indo-Aryan, which came into India and developed there;

(2) Iranian, the form it took up in Iran;

(3) Dardic, current in the extreme north-west frontier

(DR. Sarvepalli, Cultural heritage of India, P- 55)

داردی لسانی گروہ جو موجودہ سلسلہ ہمالیہ، قراقرم اور ہندوکش میں پھیلا ہوا ہے قدیم دور میں یہ لسانی گروہ ایک بڑے اور وسیع جغرافیائی رقبے پر پھیلا ہوا تھا اور اس کے لسانی اثرات لداخ، بلوچستان، سندھ، پنجاب، گندھارا اور وزیرستان تک پھیلے ہوئے تھے۔ داردی قبائل ایک عظیم تہذیب اور لسانی تاریخ کے حامل رہے ہیں۔

"Dardic, the present home of the Dardic languages, includes the East-West Gilgit and Kashmir, the Indus-Sawat Kohistan, Chitral and Kafarstan. In early times, the Dardic languages were much more widely extended. They once covered Balochistan and West-Tibet-o-Burman languages. Philology shows that they must have covered nearly the whole Punjab, for Punjabi and Lahnda, the present languages of that province still show traces of the earlier Dardic languages that they superseded. Still further South, we find traces of Dardic in Sindhi" . Grierson H. 1919, Vol, I: Part I: 109-112.


داردی قبائل کا لسانی گروہ ماضی بعید میں ایک بڑے رقبے پر پھیلا ہوا تھا اور اس نے ایک زمانے میں بلوچستان اور مغربی تبت و برمن، پنجابی اور لہندا زبانوں کا احاطہ کیا ہوا تھا۔ داردی فلولوجی کے اثرات سے پتہ چلتا ہے کہ ان علاقوں کی موجودہ زبانوں پر داردی لسانی آثار کی گہری چھاپ تھی۔

درادی زبانوں کی ایک خصوصیت یہ بھی ہے کہ انہوں نے "س، ش، ںش" کی تینوں قدیم مصمّتی آوازیں قائم رکھی ہوئی ہیں۔ داردی زبانوں میں عموماً افعال کے ساتھ فاعل کی ضمیریں جُڑی ہوئی پائی جاتی ہیں جیسے تِلیئو، کھانوُ، اِلیئوُ، رَزانو، بوجانوُ وغیرہ لیکن زیادہ تر جدید ہند آریائی زبانوں نے ضمیروں کو فعل سے الگ کر دیا ہے۔ {جیسے: اِلیئوُ اور اردو میں وہ آتا ہے، پنجابی / ہنکو: او آندا اے}۔

It has been previously pointed out that the Dardic or Pisacha languages occupy a position intermediate between the Sanskritic languages of India proper and the Eranian languages farther to their west. They thus possess many features that are common to them and to the Sanskritic language. (Grierson, Linguistic Survey of India,Vol-8, P-241)

داردی لسانی گروہ میں چھ مختلف ذیلی لسانی گروہ پائے جاتے ہیں جن میں چترالی، کوہستانی، شینا، پشاہی، کُنڑی اور کشمیری شامل ہیں۔ اِن لسانی گروہوں میں کوہستانی لسانی گروہ میں دس زبانیں شامل ہیں۔ جن میں توروالی، گاوُری، انڈس

کوہستانی، کالامی، چھِلسیوٗ، بٹیڑی، گباریٗ اور ماڑکیالی پاکستان میں جبکہ ترِاہی اور دیگانو افغانستان میں بولی جاتی ہیں۔
دوسرا ذیلی لسانی گروہ شینا کہلاتا ہے جس میں شینا گلتی، شینا کوہستانی، برو کھسٹ، کلکوٹی، پالُولا، ساوی، اُشوجو اور کُنڈل شاہی زبانیں شامل ہیں۔



تیسرا لسانی گروہ چترال میں کھوار اور کالاشا زُبان کا ہے۔ چوتھا ذیلی لسانی گروہ کُنڑی زبانوں کا ہے جن میں دمیلی، گورباتی، کریگل اور شُمشاتی زبانیں شامل ہیں۔ پانچواں اہم ذیلی لسانی گروہ پشاہی زُبان کا ہے جس کی چار تحتانی شاخیں پائی جاتی ہیں جو شمال مشرقی، شمال مغربی، جنوب مشرقی اور جنوب مغربی میں تقسیم ہیں۔ چھٹا لسانی گروہ کشمیری زُبان کا ہے جس کے کم از کم تین ذیلی لہجے پائے جاتے ہیں۔

برصغیر میں شینا اور بعض داردی زبانیں بولنے گروہوں کی آمد دو سے اڑھائی ہزار سال قبل مسیح کے وسط میں بتائی جاتی ہے۔ بعض محققین کا کہنا ہے کہ شینا بولنے والا دارد قبیلہ وسط ایشیاء سے ایران، بلوچستان، سندھ، پنجاب اور گندھارا کے راستے ہوتا ہوا موجودہ علاقوں تک پہنچا۔ بعض محققین کا کہنا ہے کہ یہ قبیلہ درّہ خیبر کے راستے پاکستان میں داخل ہوا ہے اور بعض دوسرے قبیلے اور گروہ ہندوکش اور پامیر کی جانب سے داخل ہو کر سلسلہ ہندوکُش میں آباد ہوئے۔

پانینی (520-460 ق م) جو موجودہ علاقہ صوابی کے رہنے والے تھے نے جس وقت ٹیکسلا میں سنسکرت کی گرائمر ”سمکرتیہ“ (سم + کرت) مُرتب کی اُس وقت شینا اور داردی زبانیں گندھارا کی اہم ہمسایہ زبانیں تھیں یقیناً اُس وقت داردی زبانوں کے بے شمار الفاظ سنسکرت اور مقامی پراکرت زبانوں کا حصہ بنے ہوں گے۔ پانینی کی سنسکرت گرائمر جو ”سَم + کرت“ کے نام سے مشہور ہے۔

جناب گریرسن کا کہنا ہے کہ سنسکرت میں ایسے بے شمار دوسری پراکرتوں کے الفاظ داخل کیے گئے ہیں جنہیں سنسکرت کے قواعد دان ویدک سنسکرت میں انہیں تلاش کرنے سے قاصر ہیں۔ سنسکرت الفاظ کے متعلق اُن کا کہنا ہے کہ:

Classical Sanskrit, also derived from one of the Primary Prakrit dialects, but fixed in its existing form by the labors of grammarians—that may be said to have culminated in the work of the famous Panini in about the fourth century B. c. This sacred language, jealously preserved by the Brahmans in their schools, had all the prestige that religion and leaning could give it. It borrowed freely from the Secondary Prakrits, and they in turn borrowed freely from it, and, as at the present day, the more highly educated Prakrit-speaking population freely interlarded their conversation with Sanskrit words. These words, once borrowed, suffered a fate similar to that of the ancient Primary Prakrit words which came down to them by direct descent. They became

distorted in the mouths of the speakers, and finally became Prakrit in form, though not by right of origin.

It included all words which the grammarians were unable to refer to Classical Sanskrit as their origin. Many such words were included in this group simply through the ignorance of the writers who catalogued them. (Grierson, LSI, Vol-1, P-127)

ہنکو، سرائیکی اور سندھی کے بے شمار ماہر لسانیات بھی کا کہنا ہے کہ سم کرت میں مقامی پراکرتوں کے الفاظ داخل کر کے انہیں سنسکرت ظاہر کیا گیا ہے۔

جناب ممتاز حسین داردی لوگوں کے متعلق اپنے ایک مقالہ میں لکھتے ہیں کہ:

"گندھارا تہذیب کے عروج کے زمانے میں اس علاقے کی آبادی کی اکثریت داردی نسل پر مشتمل تھی۔ اس زمانے میں بدھ مت اس علاقے کا غالب مذہب تھا۔ مذہبی اثرات کے تحت سنسکرت علاقے کی علمی زبان تھی اور لکھنے پڑھنے کا کام اسی زبان میں ہوتا تھا۔ تاہم بول چال کے لیے داردی لوگوں کی اپنی زبانیں استعمال ہوتی تھیں۔ یہ گندھارا تہذیب کا زمانہ داردی لوگوں کا زریں عہد تھا اور یہ علاقہ دنیا کے متمدن ترین خطوں میں شمار ہوتا تھا"۔

شینا اور داردی زبانیں اپنے موجودہ لسانی ماحول کی نسبت ماضی بعید میں زیادہ بڑے رقبے پر پھیلی ہوئی تھیں جن میں موجودہ پنجاب، سندھ اور بلوچستان شامل ہے اور ان علاقوں کی زبانوں (سندھی، سرائیکی، بلوچی) پر اپنے لسانی اثرات چھوڑے ہیں۔ اس سلسلے میں ماہر لسانیات جناب گریرسن کا کہنا ہے کہ:

"Dardic, the present home of the Dardic languages, includes the East-West Gilgit and Kashmir, the Indus-Sawat Kohistan, Chitral and Kafarstan. In early times, the Dardic languages were much more widely extended. They once covered Balochistan and West-Tibet-o-Burman languages. Philology shows that they must have covered nearly the whole Punjab, for Punjabi and Lahnda,

the present languages of that province still show traces of the earlier Dardic languages that they superseded. Still further South, we find traces of Dardic in Sindhi" (Grierson H. 1919, Vol, I: Part I: 109-112,).

جناب گریرسن کے اس نقطہ نظر کی تصدیق سندھی زبان کے مشہور محقق جناب
ڈاکٹر نبی بخش خان بلوچ نے اپنی کتاب سندھی زبان و ادب کی تاریخ اور ڈاکٹر غلام علی الانا نے اپنے مقالات میں کیا ہے۔ ڈاکٹر نبی بخش خان بلوچ نے اس دور کو600 قبل مسیح قرار دیا ہے:

"کشمیر سے سندھ تک کا علاقہ شروع میں ایرانی اور بعد میں ہند اور داردی زبانوں کے زیر اثر رہا۔ اس کے بعد600ق م میں سندھ پر جو لسانی اثر پڑ تا رہا وہ کشمیر سے ملتان تک کے خطے سے داردی زبانوں اور سنسکرت زبان کا تھا اور اسی لیے سندھی زبان داردی زبانوں کے قریب ہے" (ص:14)

ان لسانی اثرات اور روابط سے اس بات کے زیادہ امکانات پیدا ہوتے ہیں کہ شینا داردی زبان بولنے والوں کی نقل مکانی درّہ خیبر کے بجائے وسط ایشیاء سے ایران، بلوچستان، سندھ اور موجودہ پنجاب سے ہوتے ہوئے قدیم گندھارا تک کے سفر اور قیام کے لسانی شواہد پائے جاتے ہیں۔ اسی طرح داردی زبانوں کے لسانی اثرات واشتراک ہمیں پنجابی، ہندکو/ہنکو، پشتو اور ارموڑی میں بھی نظر آتے ہیں۔ جس سے معلوم ہوتا ہے کہ ان زبانوں کے بولنے والے موجودہ لسانی جغرافیائی ماحول کی نسبت زیادہ بڑے رقبہ پر پھیلے ہوئے تھے لیکن جنگ و جدل، لشکر کشی اور حملوں کی وجہ سے داردی زبانیں بولنے والے موجودہ علاقوں تک محدود ہوتے گئے۔

قدیم گندھارا کے علاقوں میں جب حملہ آوروں کا زور بڑھنے لگا تو شینا اور داردی زبانیں بولنے والے قبائل مزید شمال کی جانب دھکیلے گے اور اِنہوں نے شمال میں پہلے سے آباد قبیلوں کو مغلوب بنایا۔

پاکستان اور ہندوستان میں شینا بولنے والوں کی تعداد تین ملین سے زائد ہے جن میں شینا کوہستانی بولنے والوں کی تعداد 484804 (1917ء) ہے۔ شینا زبان چار بڑے لہجوں میں بولی جاتی ہے۔ گلگتی لہجہ، استوری لہجہ، چلاسی لہجہ اور شینا کوہستانی لہجہ شامل ہے۔ اس سے دوسری ماخذ زبانوں میں پالُولا، ککلوٹی، اُشوجو، ساوی اور کُنڈل شاہی شامل ہیں۔

رازول کوہستانی

دسمبر،2019

شینا اور اوستا/اوستائی

زبان

کا لسانی

اشتراک

شینا کوہستانی اور اوستا/اوستائی الفاظ کا اشتراک

شیناکوہستانی	اوستائی/اوستا	اردو معنی
اداتھَ/اداتھہ	adhat, aetadha	اس طرف سے، اس طرح۔
آئیِ/آئے	ahyai, ahya	یہ
ووئی	Aiwyo	پانی
انہ سے	Anaish	اسے کے ساتھ
انٚش	aŝhta	آٹھ
انٚشٹیموْگوْ	ashtemem, ashtema	آٹھواں
آتھہ	Atha	ایسے، یُوں
اَیون	ayān	آنا
دَچِھنوْ	Dashia	دایاں
گِریْ	Gairi	شینا پتھر لیکن اوستائی میں پہاڑ
گاؤ	gav, gāv	گائے۔ پہلوی:gō فارسی:gāo
زُوان	yuna, yavan	جوان
دُوْ	Dva	دو (پہلوی: dū فارسی dū)
ایْک	Aẹva	ایک (پہلوی: evak فارسیyak)

اَس	Aspa	گھوڑی، اسپ۔ پہلوی، فارسی: asp
پاں	pāō̃a	پاؤں۔ پہلوی، فارسی: paī̄
مِیں	mẽ	میرا
خر	خرّا	گدھا
تَارُوْ	ستارَ	تاری، ستارہ، نجم (پہلوی: ستآرک)

شِنِّٹیا کوہستانی اور فارسی زبان کا لسانی اشتراک

فارسی زبان کا لسانی تعلق :
ہندیورپی > ہندایرانی > ایرانی لسانی گروہ > فارسی

لسانی علاقہ و آبادی :

- ایران
- افغانستان (دری فارسی)
- عراق
- ازبکستان، آذربائجان اور روس کے بعض علاقے
-
- موجودہ تعداد : 110 ملین سے زائد

شِنِّٹیا کوہستانی اور فارسی الفاظ کی فہرست ان کُتب سے تیار کی گئی:

1. شِنِّٹیاؑ کوہستانی اُردو لُغت، جلد اوّل، دوئم و سوئم، رازول، 2018
2. فیروز اللغات جامع: اردو فارسی، فیروز سنز، لاہور

فیروز اللغات جامع: اردو لغت، فیروز سنز، لاہور

شِنِڑیا کوہستانی اور فارسی زبان کا لسانی اشتراک

شِنِڑیا کوہستانی	فارسی	اُردو معنی
آتش پرست	آتش پرست	آگ کی پوجا کرنے والا، پارسی
آتش گیر	آتش گیر	ایسی چیز جو جلد آگ پکڑے
آتشیں	آتشیں	آگ جیسا، آگ جیسا گرم
اجدھا/اژدھا	اژدھا	اژدھا
اَخُون	آخون	استاد، معلم، مسجد کا رکھوالا
ارزان	ارزان	سستا
ارمان	ارمان	تمنّا، خواہش، آرزو، حسرت
اَرہ	اَرّہ	آرا، لکڑ چیرنے کا ایک آلہ
اَری کَش	آری کش	لکڑ چیرنے والا
اَزاد	آزاد	خودمختار، بے غم، بری
اَزادی	آزادی	چھٹکارا، خلاصی، رہائی
آزار	ازار	آزار
ازاری	ازاری	بددعا کیا ہوا
اَزالہ	اِزالہ	تلافی، ہٹانا، دور کرنا، زائل کرنا

شِنِّیا کوہستانی	فارسی	اُردو معنی
اَزمیخ	آزمائش	پرکھ، جانچ، آزمائش
اَزمِیلوْ	آزمودہ	آزمایا ہونا، پرکھا ہوا، جانچا ہوا
اَس	اَسپ	گھوڑا، اسپ
اَستر	اَستر	کسی کپڑے کی دوہری تہہ
استواری	استواری	استحکام، مضبوطی، پائداری
اَسدو	آسا	مانند، مثل، کی طرح، جیسا
اَشپَوْ	اسپ	گھوڑی/گھوڑا
اَشنا	آشنا	واقف، جانکار، جان پہچان والا
اَغاز	آغاز	ابتدا، شروع
افرین	آفریں	شاباش، کلمہ تحسین
افسر	افسر	سرکار کا عہدیدار، مجاز افسر
افسردگی	افسردگی	اضمحلال، پژمردگی، رنج، ملال
افسردہ	افسردہ	پژمردہ، رنجیدہ، اُداس، غمگین
افسری	افسری	سرداری، عہدہ داری

شِنٹِیا کوہستانی	فارسی	اُردو معنی
افسوس	افسوس	دُکھ، رنج، ملال، پچھتاوا، قلق
اَکھور	آخور	چوپاؤں کے گھاس چارہ کی جگہ
آلائش	آلائش	آلودگی، گندگی
آلہ کار	آلہ کار	کارندہ، زریعہ، وسیلہ
اَلُو بخارا	آلُو بخارا	ایک پھل
اَلُو	آلو	ایک سبزی
آلُودگی	آلودگی	ناپاکی، گندگی، آلائش
آلودہ	آلودہ	گندہ، لتھڑا ہوا، ناپاک، نجس
آمادگی	آمادگی	رضامندی، تیار، ہم آہنگی
آمادہ	آمادہ	رضامند، تیار، مستعد
اَمدن	آمدن	آمدنی، یافت، کمائی، منافع
امدنی	آمدنی	آمدنی، کمائی، محاصل، بچت
آمرانہ	آمرانہ	موسم بہ آمر
امرود	امرود	ایک پھل

شِنِٹیا کوہستانی اور فارسی زبان کا لسانی اشتراک

شِنِٹیا کوہستانی	فارسی	اُردو معنی
اُمید	اُمیّد	آرزو، توقع، آس، تمنا۔ حمل
امید	امید	آس، امید، ڈھارس
آمیزش	آمیزش	ملاوٹ، ملائی، گھلائی
انبار	انبار	ڈھیر، ذخیرہ
انداز	انداز	انداز
انداز	انداز	وضع، طریقہ، قیاس، طریق
اندازہ	اندازہ	تخمینہ، اٹکل، پیمانہ
اَندام	اَندام	جسم، بدن، جسم کے اعضاء
اندرونی	اندرونی	داخلی، اندر کی، خاص
آہ	آہ	کلمہ افسوس، ہائے، افسوس
آوارہ گردی	آوارہ گردی	بدچلنی، مارا مارا پھرنا
اَواز	آواز	پکار، صدا، ہانک، لفظ
اَوازہ	آوازہ	شہرت، مشہوری، ناموری، دھوم
اوستاذ/اُستاد	اُستاد	معلم، گرو، سکھانے والا

شِنْڑیا کوہستانی	فارسی	اُردو معنی
اوستازی	استادی	ہنرمندی، مشّاقی، ہوشیاری
ایرانی	ایرانی	موسوم بہ ایران
ایش	میش	بھیڑ
آئین	آئین	قانون، قاعدہ، دستور، ضابطہ
آئین	آئینہ	آئینہ، شیشہ، درپن
آئینی	آئینی	دستوری، قانونی، مطابق قانون
بَاچَھا	بادشاہ	سلطان، حاکم، شاہ، مالک تخت
باچھات	بادشاہت	بادشاہی، سلطنت، راج
باد	باد	ہوا، پون
بادامی	بادامی	بادامی رنگ کا، سرخی مائل زرد
بار	بار	وزن، بوجھ
باریک	باریک	پتلا، مہین، نازک، لطیف، خاص
باز	باز	ایک مشہور شکاری پرندہ
بازار	بازار	منڈی، خرید و فروخت کی جگہ

شِنِٹیا کوہستانی	فارسی	اُردو معنی
بازری	بازاری	بازار سے متعلق، عام، معمولی
بازو	بازو	بازو
بازُو	بازُو	کہنی و شانے کا درمیانی حصہ
بازی	بازی	کھیل، تماشہ۔ ایک لاحقہ
باشرع	باشرع	پابند شرع، دیندار، طابع شرع
باشندہ	باشندہ	مقیمی، ساکن، بسنے یا رہنے والا
با غ	با غ	چمن، گلزار
باغات	باغات	بہت سے با غ
با ک	با ک	ڈر، خوف، اندیشہ، رکاوٹ
بَالَخ	بالش	سرہانہ
بَانٓگ	بانگ	اذان
بُت	بُت	مجسمہ، مورتی۔ احمق، خاموش
بِتمِیز/بَیْتمِیز	بد تمیز	بدتمیز
بچگانہ	بچگانہ	طفلانہ، بچوں سے متعلق

شِنِّیا کوہستانی	فارسی	اُردو معنی
بڅِیز	بچیز	فضول، بے کار
بَخ	بخت	بھاگ، قسمت، نصیب، لیکھ
بَختُور	بخت آور	بھاگ والا، خوش قسمت
بخشش	بخشش	معافی، عفو، درگزر، انعام، عطیہ
بُخل	بُخل	تنگ دلی، حرص، طمع، حسد
بخلی	بخیلی	کنجوسی، بُغض، حسد، ضد
بخی	بخیہ	ایک قسم کی سلائی یا تروپے
بَد	بَد	بُرا، خراب، فسادی، شر پسند
بَداخلاق	بَداخلاق	ناشائستہ، بری خُو والا
بدامنی	بدامنی	انتشار، بغاوت، فساد، ہنگامہ
بدبخ	بدبخت	بدنصیب، بدقسمت
بدحال	بدحال	بُرے حالات والا، تہی دست
بدحالی	بدحالی	بدبختی، بری حالت، مفلسی
بدشقل	بدشکل	بری صورت والا، بدصورت

شِنٹِیا کوہستانی	فارسی	اُردو معنی
بدعتی	بدعتی	مذہب میں نئی بات نکالنے والا
بدعمل	بدعمل	گناہ گار، برے اعمال والا، بدچلن
بدکار	بدکار	فاسق، بدچلن، زانی، بدکردار
بدکاری	بدکاری	حرامکاری، زناکاری، بدچلنی
بدگمان	بدگمان	بدظن، شکی، برے خیال والا
بدگُمانی	بدگُمانی	بدظنی، غلط شک یا گُمان
بَدَل	بدل	بدل
بَدَن	بدن	بدن، جسم
بدنام	بدنام	رُسوا، خراب شہرت والا
بدی	بدی	غیبت، برائی، بدخواہی
برابر	برابر	مساوی، ہم پایہ، ایک جیسا
بَرباد	بَرباد	تباہ، ضائع، تلف
بربادی	بربادی	تباہی، تلفی، خرابی
برتر	برتر	زیادہ بہتر، افضل، زیادہ اونچا

شِنٹِیا کوہستانی	فارسی	اُردو معنی
برتری	برتری	فضیلت، بڑائی، بہتری
برحق	برحق	حق، درست، ٹھیک، صحیح
بَرخَاس	برخاست	برخاست، ملتوی،
برخاس	برخاست	برطرف، موقوف، ختم
بَردَاش	طرداشت	برداشت، صبر، تحمل، بردباری،
برطرفی	برطرفی	موقوفی، معزولی، برخاستگی
برقرار	برقرار	قائم، بحال، باقی، موجود
برقع پوش	برقع پوش	نقاب پوش، پردہ دار، ستر والی
برہم	برہم	ناراض، پراگندہ، غصہ میں
بروقت	بروقت	عیب وقت پر، برمحل
بریانی	بریانی	ایک قسم کا خاص پلاؤ
بُزُرگ مَنُوژُوْ	بُزُرگ مَنِش	بزرگ آدمی، نیک آدمی
بُزرگ	بُزرگ	نیک، پرہیز گار، دین دار، باعمل
بزرگانہ	بزرگانہ	موسوم بہ بزرگ

شِنِّیا کوہستانی	فارسی	اُردو معنی
بزرگی	بزرگی	بڑائی، عظمت، باعملی
بَس	بس	بس
بِسَاک	بِساک	بیساکھ، ایک موسم
بَسَر	بَسَر	گزر
بَسکِیار	بسیار	کثرت، زیادہ، اضافہ، کشادگی،
بطی	بت	ایک قسم کی مرغابی
بِماری	بیماری	مرض، علالت، علّت
بن	بند	بند، ممنوع
بَنبَس	بندوبست	انتظام، اہتمام، بندوبست
بَندَیش	بندش	رکاوٹ، مصروفیت، پابندی،
بَنَمگی	بدنامی	تہمت، بدنامی، رُسوائی، ذِلّت
بنوا	بینوا	بے توشہ، محروم
بُنیاد	بُنیاد	جڑ، اصل، اصلیت
بُنیادی	بُنیادی	اصلی، حقیقی، ابتدائی، مرکزی

شِنْڑیا کوہستانی	فارسی	اُردو معنی
بہار	بہار	موسم بہار، پھول کھلنے کا موسم
بھاںگ	بنگ	ایک نشیلی بُوٹی
بہتر	بہتر	اعلی، عمدہ، درست، ٹھیک
بہتری	بہتری	بھلائی، خوبی، فائدہ
بہترین	بہترین	سب سے اعلی، سب سے اچھا
بہشت	بہشت	جنت، فردوس، نیکی کا حاصل
بہشتی	بہشتی	جنتی، نیکو کار
بوسیدہ	بوسیدہ	گلا سڑا، ٹوٹا پھوٹا، بھربھرا
بَوشِیْ	باس/بوسہ	بوسہ، چُمّی
بوقلمُونی	بُوقلمونی	رنگا رنگی، تنوع، قسم قسم
بے اولاد	بے اولاد	لاولد، بغیر اولاد کے
بے باکی	بے باکی	بے حیائی، بے شرمی، بے حجابی
بے پروا	بے پروا	غافل، بے فکر، بے غرض
بے پڑدا	بے پردا	بے حجاب، پردہ کے بغیر، بے ستر

شِنِٹیا کوہستانی	فارسی	اُردو معنی
بے پڑدگی	بے پردگی	بے شرمی، بے حیائی، بے حجابی
بے پیر	بے پیر	بے ایمان، بدذات، ناقابل اعتماد
بے تاثیر	بے تاثیر	بے اثر، غیر موثر، بے فیض
بےْ تمیز	بے تمیز	بے ادب، نامہذب، گستاخ
بے جوڑ	بے جوڑ	غیرموزوں، بے میل، غیر موافق
بے چین	بے چین	بے قرار، بے آرام
بے حجاب	بے حجاب	بغیر حجاب کرے، بغیر پردہ کرے
بے حد	بے حد	بے شمار، بے انداز، بے حساب
بے حیا	بے حیا	بے شرم، بد چلن۔ بدکار
بے حیائی	بے حیائی	بے شرمی، بے غیرتی، بے پردگی
بے خبر	بے خبر	غافل، لاعلم، انجان
بے خبری	بے خبری	غفلت، لاعلمی، نا سمجھی
بے خُوئیں	بدخُو	بُری خُو والا، بُری خصلت والا
بے داغ	بے داغ	بے عیب، بے قصور، بے گناہ

شِنِٹیا کوہستانی	فارسی	اُردو معنی
بے دین	بے دین	بدمذہب، بے ایمان
بے صبری	بے صبری	بے اطمینانی، بے قراری
بے طمع	بے طمع	بنا لالچ کرے، بغیر حرص کرے
بے عزت	بے عزت	ذلیل، بے آبرو، خوار
بے علّت	بے علّت	بلا وجہ، بلا سبب، بے وجہ
بے غم	بے غم	بے فکر، بے پروا، آزاد
بے غیرت	بے غیرت	دلا، کمینا، بے حیا، بے شرم
بے کاری	بے کاری	بے روزگاری، بغیر کام کاج کرے
بے گناہ	بے گناہ	بے قصور، بے خطا، بلا جرم
بے لحاظی	بدلحاظی	گستاخی، حفظ مراتب کی پامالی
بے مان	بے ایمان	بے دین، بدنیّت، دغاباز، دھوکا باز
بے مانی	بے ایمانی	بے دینی، بد دیانتی، دغابازی
بے ہُوش	بے ہوش	مدہوش، بے خود، غافل
بیداری	بیداری	ہوشیاری، چالاکی، سمجھ

شِنٹِیا کوہستانی اور فارسی زبان کا لسانی اشتراک

شِنٹِیا کوہستانی	فارسی	اُردو معنی
بیل	بیل	کسّی، کھدال
بِیل	بیم	خوف، ڈر
بیلچہ	بیلچہ	ایک اوزار یا آلہ
پاک	پاک	صاف، غیر نجس، غیر آلود
پاکی	پاکی	طہارت، صفائی، تقوی، عفّت
پاکیزگی	پاکیزگی	طہارت، صفائی، ستھرائی
پاکیزہ	پاکیزہ	پاک، پوتر، بے عیب، شُدھ
پالوان	پہلوان	ماہر کُشتی، کُشتی لڑنے والا
پالوانی	پہلوانی	زورآوری، فن پہلوانی، طاقت، زور
پامال	پامال	روندا ہوا، کچلا ہوا، مسلا ہوا
پامالی	پامالی	روندائی، کچلائی، مسلائی
پَاں	پا	پاؤں، قدم
پَانہ	فانہ	درز میں لگانے والی چھوٹی لکڑ
پائیک/پاییک	پایَک/پیادہ	پیادہ، پیدل، بغیر سواری کے

شِنِٹیا کوہستانی	فارسی	اُردو معنی
پَجا	پزاده	آوا، بھٹّی
پَذیر	پَزیر	حاصل کرنے والا، ایک لاحقہ
پذیرائی	پذیرائی	حوصلہ افزائی، قبولیّت، استقبال
پُرآشوب	پُرآشوب	فساد بھرا، فتنہ انگیز، ہنگامہ خیز
پُرخطر	پُرخطر	خطروں سے بھرا ہوا، خطرناک
پَرست	پَرست	پُوجنے والا، ایک لاحقہ
پرَستار	پرَستار	شیدائی، مُرید، چاہنے والا
پرَستِش	پرَستِش	بندگی، عبادت، پوجا، توقیر،
پَرگَنَہ	پرگنہ	ایک حصہ، طرف، باہر کا حصہ
پَرگنہ	پرگنَہ	گاؤں کے آس پاس کا علاقہ
پُرنُور	پُرنُور	چمک دار، روشن، بصیرت والا
پرہیزگار	پرہیزگار	عابد، نیک، صالع، متقی
پَروَردگار	پَروَردگار	خُدا، اللّٰہ تعالی، پالنے والا
پَرورِش	پَرورِش	پالنا، تربیّت کرنا، زیر سایہ رکھنا

شِنْڑیا کوہستانی	فارسی	اُردو معنی
پڑدہ	پردہ	حجاب، نقاب، ستر، اوٹ، آڑ
پس منظر	پس منظر	سابقہ بیان/حوالہ، پیچھے کا حال
پَسپا	پَسپا	شکست خوردہ، بھاگا ہوا
پَستی	پستی	تنزل، رذالت، کمینگی، گہرائی
پَسند/پَسن	پَسند	مرغُوب، حسب خواہش، چاہ والا
پسندیدگی	پسندیدگی	مرغُوبی، مرضی، پسند آنا
پسندیدہ	پسندیدہ	حسبِ منشاء، چُنا ہوا، دل پسند
پشمینہ	پشمینہ	ایک قسم کا اونی دھاگا
پناہ گاہ	پناہ گاہ	سر چھُپانے کی جگہ
پناہ گیر	پناہ گیر	پناہ لینے والا، امن مانگنے والا
پناہ	پناہ	امن، حافیّت، سایہ، سہارا
پنجگانہ	پنجگانہ	پانچ وقت کی نماز
پوخ	پختہ	مضبو، پکّا، سخت، پائیدار
پوختو	پشتو	پشتو زبان، افغانی زبان۔ ضِد، عناد

شِنِّیا کوہستانی	فارسی	اُردو معنی
پوستی	پوسی	سُست، کاہل، ڈھیلا، نکما
پوشیدگی	پوشیدگی	گوشہ نشینی، خلوت، غیر آشکار
پوشیدہ	پوشیدہ	چُھپا ہوا، درپردہ، غائب
پَولاد	پولاد	اعلی قسم کا لوہا
پیچ دار	پیچ دار	چُوڑی والا، چکّر والا، پیچیدہ
پیچ	پیچ	چُوڑی، چَکّر، ایک قسم کا کیل
پیچیدگی	پیچیدگی	الجھاؤ، مشکل، لپیٹ
پیچیدہ	پیچیدہ	مُشکل، الجھا ہوا، مَلفُوف
پیخ	پیش	حاضر، روبرو، آمنے سامنے
پیخمان	پشیمان	نادم، پچھتانے والا
پیدائش	پیدائش	جنم، پیدا ہونا
پیدائشی	پیدائشی	فطری، اصلی، وقت جنم سے
پَیر	پِیر	مُرشد، ہادی، راہنما، بزرگ
پیش امام	پیش امام	نماز پڑھانے والا، امام، مولوی

شِنِّیا کوہستانی	فارسی	اُردو معنی
پیش قدمی	پیش قدمی	آگے بڑھنا، چڑھائی، بڑھنا
پیش کش	پیش کش	تحفہ، محصول، کچھ دینا
پیشہ	پیشہ	ہُنر، فن، روزگار، دھندا
پیشی	پیشی	حاضری، مقدمہ میں پیش ہونا
پیغمبر	پیغمبر	خُدا کا حکم پہنچانے والا، نبی
پیغمبری	پیغمبری	نبّوت، رسالت
پیمانہ	پیمانہ	ناپنے کا اوزار یا آلہ
پیون/پیوند/پائیوند	پیوند	جوڑ، چیپی، میل
تاب	تاب	مجال، طاقت، برداشت
تَاب	تاب	یارا، جرّت، حوصلہ
تابعداری	تابعداری	اطاعت، فرمانبرداری،
تازگی	تازگی	رونق، نیا پن، جدّت
تازہ	تازہ	جدید، نیا
تباہ	تباہ	برباد، لٹا ہوا، اجڑا ہوا، ویران

شِنڑیا کوہستانی	فارسی	اُردو معنی
تباہی	تباہی	بربادی، غارت، ویرانی، مصیبت
تُبر	تَبر	بڑا کلہاڑا،
تَپ	تَپ	حرارت، گرمی، سیک، جوش
تَخ	تخت	بادشاہی، مسند، سنگھاسن،
تَختَکی	تَختی	لکھائی کی تختی، لوح
تَختہ	تَختہ	لکڑ کا ٹکڑا، لکڑ کا ہموار تختہ
تُخم	تُخم	بیج، نطفہ، نسل
تَلاشی	تلاشی	ڈھونڈ، کھوج
تَن	تَن	جسم، بدن
تَن	تَن	جسم، وجود، جسم کا دھڑ
تنخاہ	تنخواہ	تنخواہ
تَنخاہ/تنخواہ	تنخواہ	ماہانہ معاوضہ، ملازمت کا معاضہ
تندر	تندر	آسمانی بجلی
تُندی	تُندی	غُصّہ، سختی، جوش، تیزی

شِنٹِیا کوہستانی	فارسی	اُردو معنی
تَنّگ دَس	تنگ دست	مُفلس، لاچار، تہی دامن، محتاج
تنّگ دستی	تنگ دستی	محتاجی، لاچاری، مُفلسی
تنّگ	تنگ	کم، تھوڑا، نادار
تَنّگ	تنگ	مفلس، غریب، لاچار، محتاج
تَنّگی	تنگی	کمی، قلّت، مفلسی، مشکل
تنہا	تنہا	اکیلا، مجرّد، فقط، بغیر سنگ کے
تَھپ/راتیْ	شب	رات
تیاری	تیاری	انتظام، بندوبست، اہتمام، آرائش
تیز	تیز	ہوشیار، چالاک، ذہین، مستعد
تیزاب	تیزاب	ایک سیال مادہ
تیغ	تیغ	تیغ، دھار
ٹَبَر	تَبار	گھرانا، خاندان،گھر کے افراد
جادگَر	جادوگر	ساحر، جادو ٹونا کرنے والا
جادُو	جادُو	سحر، افسُوں، منتر، ٹونا

شِنٹِیا کوہستانی	فارسی	اُردو معنی
جادوگری	جادوگری	علم جادو، ساحری، جادو کا فن
جاگیر	جاگیر	انعام میں ملنے والی زمین، اثاثہ
جاگیرداری	جاگیرداری	جاگیردارانہ نظام۔ منصب جاگیردار
جَالوْ	جالہ	جالہ
جامَہ	جامَہ	لباس، پیراہن
جان	جان	جان، زندگی، روح، حیات
جانب دار	جانب دار	طرف دار، حمائتی، مددگار
جانب داری	جانب داری	طرف داری، حمایت، مددگاری
جانی	جانی	جان سے متعلق، محبوب
جائداد	جائداد	وراثت، ترکہ، زمین، اثاثہ، پونجی
جُت	جُفت	جوڑا، طاق کی ضد،
جُت	جُفت	جوڑا، طاق کی ضِد
جُدہی	جُدائی	بچھرنڑ، مفارقت، فراق،
جذباتی	جذباتی	جلد اثر لینے والا، جذبہ پرست

شِنِّیا کوہستانی	فارسی	اُردو معنی
جذبائے	جذبات	جذبے {ع: جذبہ}
جرگہ	جرگہ	پنچایت، مشاورت، گروہ، ٹولی
جُرمانہ	جُرمانہ	تاوان، مالی سزا، ازالہ کی رقم
جُزْ	جُزْ	علاوہ، سوائے، بن، بغیر
جشن	جشن	خوشی کی محفل، تہوار
جفا کش	جفا کش	مشقّتی، محنتی، محنت والا
جَفا	جَفا	زیادتی، ظلم، ناانصافی، بے وفائی
جِگَر	جَگَر	کیلجہ، دل، جان، پیارا، محبوب
جِگری	جِگری	موسوم بھی جِگَر، سچّا، پیارا
جلد باز	جلد باز	عجلت پسند، عجلت کرنے والا
جلدبازی	جلدبازی	تیزی، شتابی، پُھرتی، عجلت
جلدساز	جلدساز	جلد بندی کرنے والا،
جلدسازی	جلد سازی	جلد بندی، جلد باندھنے کا پیشہ
جلدی	جلدی	فوراً، فوری، ترت سے

شِنِّیا کوہستانی	فارسی	اُردو معنی
جنگ جُوئی	جنگ جُوئی	لڑائی کی خُو یا عادت
جَنگ	جَنگ	لڑائی، معرکہ، دشمنی
جنگی بیڑا	جنگی بیڑا	فوج کا دریائے بیڑا یا جہاز
جہان	جہاں/جہان	دُنیا، عالم
جوش	جوش	اُبال، حرارت، ہیجان، لہر، موج
جوشاندہ	جوشاندہ	نزلہ زکام کی ایک دوا
چارشُنمبہ	چہار شنبہ	بُدھ کا دن
چَارموْگوْ	چہارم	چوتھا
چال باز	چال باز	داؤ والا، چالاک، ہشیار، عیّار
چال بازی	چال بازی	عیّاری، فریبی، چالاکی، چھل ول
چالاک/چالاق	چالاک	پھرتیلا، چُست، زیرک، ہوشیار
چالاکی	چالاکی	ہوشیاری، چُستی، تیزی، عیاّری
چُپ	چُپ	خاموش، خاموش رہو، بات نہ کرو
چَخ	چَخ	تکرار، زبانی جھگڑا

شِنٹِیا کوہستانی	فارسی	اُردو معنی
چُس	چست	چالاک، تیز،
چُس/چُست	چُست	چالاک، تیز، پھرتیلا، ہوشیار
چُستی/چُشتی	چُستی	چالاک، پھرتیلا پن، ہوشیاری
چُشتِی	چُستی	چالاکی، تیزی، پُھرتیلا پن،
چُغل خور/چُغل مار	چُغل خور	چُغلیاں کرنے والا، غمّاض
چُقندر	چُقندر	شلجم سے مشابہ ایک سُرخ سبزی
چُکَن	چِرکن	گندا، غلیظ، نجس، میلا، نیچ
چگر	چرخہ	سُوت یا اون کاتنے کا آلہ
چِلِم	چِلم	تمباکو رکھنے کا ایک ظرف، حقہ
چمک	چمک	جھلک، بھڑک، روشنی، کوندا
چہل قدمی	چہل قدمی	ہواخوری، تفریح، ٹہلنا
چَوغلی/چُغلی	چُغلی	بدخُوئی، غمازی، غیبت
چَوْم	چرم	کھال، چمڑا
چیلہ/چِلہ	چِلّہ	چالیس دن، چالیس دن کا عمل

شِنِّیا کوہستانی	فارسی	اُردو معنی
ثَرپَوخ	سرپوش	ڈھکنا
ثرخ	چرخ	گردشی چیز، پہیّا، چرخا
حرصی	حرصی	حریص، حرص والا، لالچی
ثمثی/چمچ	چمچہ	کفچہ، ڈونی
خار	شار	شہر، شہری علاقہ
خامخاہ	خواہ مخواہ	ویسے ہی، بلا وجہ
خانہ شماری	خانہ شماری	گھروں کی تعداد شمار کرنا
خانہ نشین	خانہ نشین	گوشہ نشین
خدمتی	خدمتی	خدمت کرنے والا، خدمتگار
خرادی	خرادی	خراد کا کام کرنے والا
خراش	خراش	ہلکا زخم، چھیلن
خَرَاشکیْ	خراش	ہلکی چوٹ
خِرے	خِیرہ	کھوٹ، کینہ، تنکا، ذرہ
خُم	خُوم	مٹکا، مٹی کا بڑا مٹکا،

شِنٹِیا کوہستانی	فارسی	اُردو معنی
خمیازہ	خمیازہ	مکافات، بدلہ، تکلیف
خندا	خندہ	ہنسی، مذاق، شوخی
خندہ	خندہ	ہنسی، مذاق
خوار	خوار	ذلیل، خراب حال، بد حال، رُسوا
خوان/خواند	خاوند	شوہر، مالک
خواندگی	خواندگی	پڑھنے کی اہلیت، پڑھائی
خواندہ	خواندہ	پڑھا لکھا
خواہش	خواہش	ارمان، تمنا، آرزو، حسرت
خواہشات	خواہشات	خواہش کی جمع، خواہشیں
خواہشمند	خواہش مند	طالب مند، خواہاں، آرزو مند
خُوب تَر	خُوب تر	زیادہ اچھا، زیادہ بہتر، بہت اچھا
خُوبی	خُوبی	کمال، اہلیت، قابلیت، عمدگی
خود پرست	خود پرست	گھمنڈی، متکبّر، مغرور
خود دار	خود دار	غیرت مند، غیور

شِنْٹِیا کوہستانی	فارسی	اُردو معنی
خود ساختہ	خود ساختہ	اپنا گھڑا ہوا
خود سر	خود سر	سرکش، ضدّی، باغی
خود سری	خود سری	سرکشی، ضِد، ہٹ دھرمی
خود غرض	خود غرض	مطلب پرست
خود غرضی	خود غرضی	مطلب پرستی، نفسا فنسی
خودکشی	خودکشی	اپنے آپ کو قتل کرنا
خودمختار	خودمختار	آزاد، بااختیار، اپنی مرضی کا
خوراک	خوراک	خوراک
خوراک	خوراک	غذا، کھانا، کھانے کی چیز
خورشید	خورشید	آفتاب، سُورج
خوش اسلوب	خوش اسلوب	خوش وضع، با سلیقہ، خوش طرز
خوش باش	خوش باش	بے فکر، خوش رہنے والا
خوش حال	خوش حال	آسودہ حال، دولت مند
خوش خبری	خوش خبری	مژدہ، اچھی خبر، بشارت، نوید

شِنٹِیا کوہستانی	فارسی	اُردو معنی
خوش طبع	خوش طبع	زندہ دل، ہنس مکھ، ظریف
خوش قسمت	خوش قسمت	اچھے نصیب والا
خوش گوار	خوش گوار	خوش آئند، دل پسند، اچھا ماحول
خوشال/خوشحال	خوش	شادماں، مسرور، پر مسرت
خوشامد	خوشامد	چاپلوس، جھوٹی تعریف کرنے والا
خوشبُو	خوشبُو	مہک، اچھی بُو
خوشبودار	خوشبودار	مہک والا، اچھی خوشبو والا
خوشنودی	خوشنودی	رضامندی، رضاجوئی، خوشی
خوشی	خوشی	شادمانی، جشن، شادی
خُوم	خُوم	مٹکا، ڈولا،
خُوئیس	خُو	عادت، خو، خصلت
خُوئیس	خُو	عادت، ڈھنگ، چلن
دارُو	دارُو	دوائی، دوا، علاج
داغ	داغ	دھبہ، نشان، عیب، ٹیکا

شِنِٹیا کوہستانی	فارسی	اُردو معنی
داغی	داغی	دھبہ دار، عیبی، ناقص، داغ زدہ
دانا	دانا	عقل مند، دانش مند، سیانا
دُبرہ	دوبارہ	دوسری دفعہ، پھر، آئندہ
در	در	دروازہ
دربار	دربار	شاہی مجلس، آستانہ، بارگاہ
درباری	درباری	شاہی ملازم، شاہی نوکر
درز	درز	شگاف، دراڑ
درمان	درمان	حاجتمند
درمیانی	درمیانی	معمولی، بیچ کا، درمیان کا
دروغ	دروغ	جھوٹ، بہتان، کِذب
درویش	درویش	فقیر، ملنگ، غریب، مفلس
درياب	دریا	دریا
دَڑ	درد	تکلیف، ہُوک، کسک
دَستانہ	داستانہ	ہاتھ پر پہننے کی غلاف نما چیز

شِنِیا کوہستانی	فارسی	اُردو معنی
دغا باز	دغا باز	فریبی، فراڈیا، دھوکا باز، مکّار
دغا بازی	دغا بازی	فریبی، دھوکا، مکّاری
دَفتر	دَفتر	محکمہ، کام کا کمرہ
دفتری	دفتری	دفتر کا، دفتر والا
دِل گیر	دِل گیر	غمگین، اداس، مغموم
دلاسا	دلاسا	تسکین، تشفی، تسلی، شفقت
دِلبَار	دربار	دربار
دِلبری	دِلبری	دل موہ لینے والی، دلی کشش
دِلبَرِی	دلبری	معشوقہ
دلچسب	دلچسب	خوشنما، عجیب، خوبصورت
دلچسبی	دل چسبی	رغبت، چاہ، شوق
دلیر	دلیر	نڈر، بہادر، شجاع، بے خوف
دَم	دَم	دَم، منتر
دِماغی	دِماغی	موسوم بہ دمّاغ

شِنِّیا کوہستانی	فارسی	اُردو معنی
دُوْچند	دوچند	دُگنا، دوہرا
دُور	دُور	بعید
دُوشمبہ	دو شنبہ	سوموار، پیر
دوْموْگوْ	دوم	دوسرا
ڈھیس	دَبُوس	عصا، ڈنڈا
روئمال	رُومال	رُومال
زر	زر	دولت
زرگر	زرگر	سنار
زَنّگ	زنگ	زنگ
زَھنزِیر	زنجیر	زنجیر
زِیان	زیان	زیاں، نقصان
سادہ	سادہ	نادان، کم سمجھ، کم فہم، گنوار
سار	سحر	صبح
سامان	سامان	سامان

شِنِّیا کوہستانی	فارسی	اُردو معنی
ساؤدا	سودا	خرید، سودا
ساؤدگری	سوداگری	سوداگری
سِتھیْ	سَتوہ	عاجز، تھکا ہوا
سَخ	سخت	مضبوط
سُرَت	سُورَتھ	شرمگاہ
سِس	سُست	ڈھیلا، سُست
سُفرہ	سفرہ	مقعد
سُنبہ	سنبہ	برما
سَنگِین	سنگین	بھاری، مشکل
سہ شنمبہ	سہہ شنبہ	منگل کا روز
سوْبوْب	سبب	وسیلہ، زریعہ،
سوختی	سوختگی	دکھ، جھلسن
سوزان	سوزان	دُکھ، جلتا ہوا
شابَش	شاباش	کلمہ تحسین

شِنِّیا کوہستانی	فارسی	اُردو معنی
شاؤگیر	شب گیر	نہ سویا ہوا
شِشہ	شیشہ	آئینہ
شَمکَور	کور	رات کو کم دیکھنے والا
شَوقَودَر	شب قدر	شب قدر
غریب	غریب	مفلس، نادار
غوغا	غُوغا	شوروغُل
فارسی	فارسی	مُلک فارس یعنی ایران کی زُبان
فرازی	فرازی	اقبال مندی، بلندی
فراغ روی	فراغ روی	فیاضی، سخی پن، وسعت نظری
فراموش	فراموش	بھولا ہوا
فراموشی	فراموشی	بھول، بھول چوک، یاد نہ رہنا
فرامین	فرامین	فرمان کی جمع، احکام
فراہم	فراہم	دستیاب، مہیا
فراہمی	فراہمی	دستیابی، مہا کرنا

شِنٹیا کوہستانی	فارسی	اُردو معنی
فراوانی	فراوانی	بہتاب، کثرت، افراط
فرزن/فرزند	فرزند	بیٹا
فرسوده	فرسوده	پرانا، بوسیده، گھسا ہوا
فرشتہ	فرشتہ	فرشتہ
فرشی	فرشی	موسوم بہ فرش
فرمائش	فرمائش	درخواست، طلب، حاجت
فرمائشی	فرمائشی	فرمائش کی ہوئی
فِرَنٛگ	فرنگ	انگریز، یورپ سے تعلق والا
فروخت	فروخت	کسی چیز کے بیچنے کا عمل
فریاد	فریاد	دِہائی، مدد کی طلب
فریادی	فریادی	دہائی دینے والا
فریب	فریب	دھوکا، دغا، عیّاری
فی صد	فی صد	ہر سینکڑے پر
فی کس	فی کس	ہر آدمی پر یا کے لیے

شِنِّیا کوہستانی	فارسی	اُردو معنی
فیروزہ	فیروزہ	ایک قیمتی پتھر
فیروزی	فیروزی	فیروزہ کی رنگ کی طرح کا
قرنی	فرنی	ایک قسم کی کھیر
قُو/پُھو/چُف	پُف	پُھونک، چُف، دم
قوز/پھوز	فوج	فوج، ریاست کا تربیت یافتہ عسکر
قابل سزا	قابل سزا	مستحقِ قابل، سزا کا مستوجب
قاغذ	کاغذ	کاغذ، پتّر، پرچہ، رقّعہ
قاغذات	کاغذات	قاغذ کی جمع
قاغذی	کاغذی	کاغذ سے بنا ہوا، کاغذ والا
قانونی	قانونی	قانون سے متعلق
قائمی	قائمی	قیام، ٹھہراؤ، پائداری
قُدرتی	قدرتی	فطری، حقیقی، پیدائشی
قربَنی	قربانی	ذبح، حلال
قسبی	کسبی	کاسبی، پیشہ ور، لوہار یا ترکھان

شِنِیا کوہستانی	فارسی	اُردو معنی
قُطبی	قطبی	موسوم بہ قُطب
قَطَعی	قَطَعِی	یقینی، ضرور، واقعی
قمار بازی	قمار بازی	جُوا کا کھیل، جُوا بازی
قمارخانہ	قمارخانہ	جُوا کھیلنے کی جگہ یا اڈہ
کابلی	کابلی	کابل کی نسبت والا
کار آمد	کارآمد	مفید، موزوں، سود مند
کار	کار	نہر
کاربند	کاربند	مطیع، فرمان بردار، تعمیل والا
کارخانہ دار	کارخانہ دار	خارخانے والا، خارخانے کا مالک
کارساز	کارسا	کام سلجھانے والا، کام بنانے والا
کارسازی	کارسازی	کام بنانا،ہُنر
کارکردہ	کارکردہ	آزمودہ
کارکن	کارکن	کارندہ، کام کرنے والا
کارگردگی	کارگردگی	کارگزاری، کام کا نچوڑ

شِنٹیا کوہستانی	فارسی	اُردو معنی
کارنامہ	کارنامہ	بہادری، اہم کا کی سرانجامی
کاروان	کاروان	قافلہ
کاروائی	کاروائی	اجرائے کار، عمل درآمد
کاروبار	کاروبار	لین دین، کام کاج، دھندہ
کاروباری	کاروباری	کاروبار کرنے والا
کاریْگر	کاریگری	ہنرمندی، پیشہ، حرفت
کاشت کار	کاشت کار	کسان، زراعت کا کام کرنے والا
کاشت کاری	کاشت کاری	کھیتی باڑی، زرعی کام کاج
کتابچہ	کتابچہ	کم صفحات کی کتاب
کج فہم	کج فہم	غلط رائے کا، الٹی رائے والا
کج فہمی	کج فہمی	ناسمجھی، کم عقلی، گنوار پن
کُثِہ	کوچہ	گلی، کوچہ، گوشہ
کَدَہ	کَدَہ	مرکبات کا ایک لاحقہ
کرم بخشی	کرم بخشی	مہربانی، نوازش،فیض یابی

شِنْڑیا کوہستانی	فارسی	اُردو معنی
کُس	کُس	شرم گاہ، اندام نہانی
کش مکش	کش مکش	کشیدگی، لڑائی جھگڑا،
کَش	کَش	مرکبات کا ایک لاحقہ
کُشادگی	کشادگی	وسعت، فراغی، کشادہ کرنا
کُشادہ دل	کُشادہ دل	کُھلے دل والا،سخی، فیاضی والی
کُشادہ	کُشادہ	وسیع، کھلا، فراغ، پھیلا ہوا
کشاکش	کشاکش	کش مکش، کشیدگی، جھگڑا
کُشتی	کُشتی	پہلوانوں کا مقابلہ، زور آزمائی
کِشتی/کیشتی	کِشتی	ناؤ
کَشِش	کَشِش	کھنچاؤ، جذب، رغبت
کشفی	کشفی	موسوم بہ کشف
کشکول	کشکول	کاسہ، زنبیل
کِشمِش	کِشمِش	ایک قسم کا خُشک میواہ
کَشی	کشی	مرکبات کا ایک لاحقہ

شِنٹیا کوہستانی	فارسی	اُردو معنی
کُکوْ	کُوکُو	قمری کی آواز
کم از کم	کم از کم	کم سے کم، کسی حد تک
کم اصل	کم اصل	کم ذات، نیچ، نیچ ذات کا
کم بخ	کم بخت	بد قسمت، بد نصیب
کم بخ	کم بخت	بدنصیب
کم تر	کم تر	بہت تھوڑا، بہت کم، بعض اوقات
کم ترین	کم ترین	نہایت ہی کم، بہت کم، خاکسار
کم توجّہی	کم توجّہی	لاپرواہی، بے پرواہی، عدم توجہ
کم حوصلہ	کم حوصلہ	بے ہمت، کم ہمّت، کم ظرف
کم حیثیت	کم حیثیت	بے مرتبہ، بے قدر، کم سرمایہ والا
کم خرچ	کم خرچ	کفایت شُعار، بچتی، کم خرچی
کم سن	کم سن	نابالغ، چھوٹی عمر والا
کم سے کم	کم سے کم	کم از کم، کسی نہ کسی حد تک
کم ظرف	کم ظرف	اوچھا، کمینہ، کم حوصلہ

شِنِّیا کوہستانی	فارسی	اُردو معنی
کم ظرفی	کم ظرفی	حوصلہ کی کمی، رذالت
کم عقل	کم عقل	نادان، بے وقوف، جاہل، گنوار
کم عقلی	کم عقلی	بے عقلی، نادانی، کم فہمی
کم فہم	کم فہم	نادان، کم عقل، ناسمجھ
کم فہمی	کم فہمی	نادانی، کم عقلی، ناسمجھی
کم کم	کم کم	تھوڑا تھوڑا، زرا زرا، کبھی کبھی
کم و پیش	کم و بیش	تھوڑا بہت، لگ بھگ
کم	کم	تھوڑا، قلیل، زرا سا
کِمٹوْ	کرم	کیڑا، حشرات
کمر بند	کمر بند	کمر باندھنے کا دوپٹہ یا پیٹی
کمزور	کمزور	ناتواں، کم طاقت
کمزوری	کمزوری	ناتوانی، ناطاقتی، ضعف
کُمک	کُمک	مدد، امداد، حمایت
کُنی	کونی	بدکار، بویسیا

شِنِٹیا کوہستانی	فارسی	اُردو معنی
کھوْنڑ	کوہ	پہاڑ، زمین سے بلند پتھریلا حصہ
کَھوْنڑ	کوہ	پہاڑ
کَو	گُرگ	بھیڑیا، ایک جانور
کوتاہ نظر	کوتاہ نظر	تنگ نظر، کم فہم
کوتاہ	کوتاہ	بطور سابقہ مستعمل ہے {کوتاہ قد}
کوتاہ	کوتاہ	چھوٹا، بونا، کم اونچا، مختصر
کوتاہی	کوتاہی	کسر، کمی، غلطی
کوتوال/کوٹوال	کوتوال	کوتوال
کُوچ	کوچ	روانگی، نقل مکانی
کور	کور	بطور لاحقہ مستعل ہے
کوز	کوز	خمیدہ۔ بطور لاحقہ مستعمل ہے
کوزوْ/کُزوْ	کوزہ	کُوزہ
کوستان	کوہستان	پہاڑی علاقہ، کوہستانی علاقہ
کوشش	کوشش	کوشش، جہد، سعی

شِنِّیا کوہستانی	فارسی	اُردو معنی
کوفتہ	کوفتہ	قیمہ کے گول کباب
کوْم	کام	کام
کوہ قاف	کوہ قاف	ایشیائے کوچک کا ایک پہاڑ
کِینْ	کِین	حسد، بغض، عداوت، بیر، کالک
کیْنہ	کینہ	حسد، بغض، عداوت، کھوٹ
گُدَارَہ	گزارہ	گزر، بسر
گداگر	گداگر	فقیر، بھکاری، منگتا
گداگری	گداگری	بھکاری کا پیشہ
گرامی	گرامی	مکرم، معظم
گران بہا	گراں بہا	بیش قیمتی، بہت قیمت والا
گراں قدر	گراں قدر	عالی مرتبہ، بڑے مرتبہ والا
گُردہ	گردہ	جسم کا ایک اندرونی عضو
گردی	گردی	بطور: دہشت+گردی
گُرز	گُرز	ایک ہتھیار

شِنْیا کوہستانی	فارسی	اُردو معنی
گرفت	گرفت	پکڑ، قبضہ، پکڑے کا عمل
گرفتار	گرفتار	اسیر، پکڑا ہوا، گرفتار کیا ہوا
گرفتاری	گرفتاری	پکڑائی، پکڑ، اسیری، نظربندی
گرفتگی	گرفتگی	پکڑ، پکڑاؤ
گرم جوشی	گرمجوشی	تپاک، جوش، سرگرمی
گرم مزاج	گرم مزاج	غُصیلا، جلد غُصہ میں آنے والا
گرم مزاجی	گرم مزاجی	غصیلا پن، بدمزاجی
گرم مصالحہ	گرم مسالہ	بعض مصالحوں کا یکجا عمل
گرم	گرم	تَتّا، گرم اثر والا، پراثر
گرمالہ	گِل مالہ	پلستر یا لیپنے کا ایک آلہ
گرمی	گرمی	موسم گرما، تپش، سیک، حرارت
گریز	گریز	فرار، اجتناب، پرہیز، بچ کر رہنا
گریزاں	گریزاں	متنفر، اجتناب کرنے والا
گریہ	گریہ	رونا دھونا، آہ و زاری، واویلا، ماتم

شِنّیا کوہستانی	فارسی	اُردو معنی
گز	گز	گز
گُزار	گُزار	لاحقہ: خدمت+گزار
گزارش	گزارش	عرض، درخواست، عرضی
گُزارہ	گُزارہ	بسر، گزر بسر، معیشت
گزرگاہ	گزرگاہ	شارع، گزرنے کا راستہ
گُزشتہ	گُزشتہ	گزرا ہوا، سابقہ
گزند	گزند	نقصان، ایذا، تکلیف
گُزیدہ	گُزیدہ	خاص چُنا ہوا جیسے بر+گُزیدہ
گُستاخ	گُستاخ	بے ادب، منہ پھٹ، نافرمان
گُستاخی	گُستاخی	بے ادبی، نافرمانی، تحقیری
گَش	گشت	چکر، پھیرا لگانا، چکر لگانا
گُفتار	گُفتار	بات چیت
گُفتگو	گُفتگو	بات چیت، بول چال
گُفتنی	گُفتنی	بنانے یا کہنے کے لائق بات

شِنٹِیا کوہستانی اور فارسی زبان کا لسانی اشتراک

شِنٹِیا کوہستانی	فارسی	اُردو معنی
گُل اندام	گُل اندام	پُھول جیسا، خوبرو
گُل دان	گُل دان	پُھولوں کا ظرف
گُل داؤدی	گُل داؤدی	ایک قسم کے پھولوں کا نام
گُل دستہ	گُل دستہ	پُھولوں کا مجموعہ یا گُچھا
گُل رنگ	گُل رنگ	سرخ رنگ گا
گل زار	گل زار	پھلواری، کھلے پھولوں کی جگہ
گُل قند	گُل قند	ایک قسم کی دوا
گُل	گُل	پُھول
گُلاب جامن	گُلاب جامن	ایک قسم کی رسیلی مٹھائی
گلاب	گُلاب	ایک قسم کا پُھول اور اس کا پودا
گُلابی	گُلابی	گُلابی رنگ جیسا
گُلدار	گُل دار	کاڑھا ہوا، بیل بوٹوں والا
گلستان	گلستان	چمن، با غ، گلزار
گلشن	گلشن	چمن، با غ، گلزار

شِنڑیا کوہستانی	فارسی	اُردو معنی
گُم شده	گُم شده	کھویا ہوا، دسترس سے نکلا ہوا
گُم صُم	گُم صُم	خاموش، چُپ چاپ، کھویا ہوا
گُم کرده	گُم کرده	کھویا یا گنوایا ہوا
گُم گشتہ	گُم گشتہ	کھویا یا گنوایا ہوا
گُماشتہ	گُماشتہ	کارنده، آلہ کار
گُمان	گُمان	خیال، شک، وہم
گمراه	گمراه	بے دین، منحرف، باغی، بدعتی
گمراہی	گمراہی	بے دینی، بے راه روی
گُمشدگی	گُمشدگی	کسی چیز کے کھو جانے کا عمل
گمنام	گُم نام	نامعلوم، غیر معروف، مخفی
گمنامی	گُم نامی	نامعلومی، پوشیدگی
گن	گند	گند، بدبو
گَن/گند	گند	گندگی، بدبو، تعفن، کوڑا کرکٹ
گُناه	گُناه	دین کے خلاف عمل

شِنِّیا کوہستانی	فارسی	اُردو معنی
گناہگار	گنہگار	پاپی، بدکار، عاصی
گُنبد	گُنبد	مینارہ، برج
گنجائش	گنجائش	سمائی، جگہ کی دستیابی
گندہ	گندہ	ناپاک، غیر صاف، نجس، غلیظ
گنہگاری	گنہگاری	بدکاری، مذہب کے خلاف عمل
گو	گو	مرکبات کا ایک لاحقہ: دعا+گو
گواہ	گواہ	شاہد
گواہی	گواہی	شہادت، شاہد یا گواہ کا بیان
گولہ	گولہ	توپ کا گولہ
گولی	گولی	دوا کی ٹِکیہ
گوہر	گوہر	جوہر، موتی، ہیرا، اصل
گیسُو	گیسُو	زُلف کا بال
گین	گین	اسم سے جڑ کر اسم صفت
بنایا ہے		

شِنِٹیا کوہستانی	فارسی	اُردو معنی
لاپھ/لاف	لاف	شیخی، گپ
لب کُشائی	لب کُشائی	بات کہنا، بات لب پر لانا
لُبِ لُباب	لُبِّ لُباب	خلاصہ کلام، کلام کا نچوڑ
لَبالَب	لَبالب	لبریز، مکنل بھرا ہوا
لپھظ	لفظ	لفظ
لخکر	لشکر	فوج، سپاہ، لشکر
لَر	لَرزہ	تھراہٹ، لرزن
لَرلَر	لَرزہ	تھرتھراہٹ، کپکپی
لڑم	کژدم	بِچّھو
لشکر کشی	لشکر کشی	دھاوا، ہلہ، حملہ
لغزش	لغزش	غلطی، گمراہی، پھسلاہٹ
لنگر	لنگ	لنگر
لوْبہْ	لابہ	عاجزی سے محبت ظاہر کرنا
لولِی	لولی	بے حیا، بازاری، ناچنے والی

شِنِڑیا کوہستانی	فارسی	اُردو معنی
ماتمی	ماتمی	موسوم بہ ماتم، ماتم کرنے والا
مادری	مادری	ماں کی نسبت سے موسوم
مالکانہ	مالکانہ	بطور مالک، حق ملکیت
ماہ و سال	ماہ و سال	ہمیشہ، مدام سے
ماہی گیر	ماہی گیر	مچھیرا، مچھلیاں پکڑنے والا
مجوسی	مجُوسی	آتش پرست، زرتشتی
مُخبری	مُخبری	جاسُوسی، خبر رسانی
مرجان	مرجان	ایک موتی
مردانہ	مردانہ	مرد سے متعلق
مردحق	مردحق	حق بات کہنے والا، بزرگ
مردم شماری	مردم شماری	افراد کی تعداد کی گنتی
مردم شناس	مردم شناس	قدر شناس، اہلیت شناس
مرگ	مرگ	موت، فوتگی، اجل
مرگ	مرگ	موت

شِنٹِیا کوہستانی	فارسی	اُردو معنی
مُڑدہ	مُردہ	بے جان، مرا ہوا، متوفی
مُڑدہ	مُردہ	مردہ، مرا ہوا
مزہ	مزہ	لذت، لُطف، زائقہ
مُڑَوک/مُوڑَوک	مُوشَک	چھوٹا سا چُوہا
مستانہ	مستانہ	متوالے پن والا
مستانہ	مستانہ	متوالہ، مستانہ
مستی	مستی	بدمستی، مدہوشی، شرارت
مُشٹوکو	مُشت	گھونسہ، مُکّا، بندھ مُٹھی
مسخرہ	مسخرہ	ٹھٹھے بازی کرنے والا
مسندِ حکومت	مسندِ حکومت	شاہی تخت
مسندنشین	مسند نشین	شاہی تخت پر بیٹھنے والا
مشرقی جِپ	مشرقی زبان	مشرقی زبانیں
مشرقی	مشرقی	موسوم بہ مشرق، مشرق کا
مشعلچی	مشعلچی	مشعل اٹھا کر چلنے والا

شِنِّیا کوہستانی	فارسی	اُردو معنی
مشکل کُشا	مشکل کُشا	مشکل حل کرنے والا
مُشکل کُشائی	مُشکل کُشائی	مشکل آسان کرنے کا عمل
مشورہ	مشورہ	صلاح، باہمی بات، تجویز
مصدری	مصدری	موسوم بہ مصدر
مضحکہ خیز	مضحکہ خیز	تمسخر یا مذاق والی کی بات
مفت خور	مفت خور	مفت کھانے والا، نکمّا
